فتوی نمبر:[۶۲۹] بسم اللہ الرحمن الرحیم تاریخ:[۲۰۲۴/۰۱/۰۴]

غیر مسکون گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا

## سوال

عام حالت میں گھر میں داخل ہوتے وقت دعا پڑھی جاتی ہے اور اہل خانہ کو سلام کیا جاتا ہے لیکن جب گھر خالی ہو تو کیا اس وقت بھی داخل ہوتے وقت سلام کرنا چاہیے جیسا کہ بعض لوگ کہتے ہیں؟

## جواب

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده!

گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا مستحب ہے، سورۃ النور میں استئذان اور سلام کے احکام بڑی تفصیل کے ساتھ بیان ہوئے ہیں۔ اسی ضمن میں آیت کریمہ ہے۔ اللہ تعالی فرماتے ہیں:

"فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ".[النور:۶۱]

’جب تم گھروں میں جانے لگو تو اپنے گھر والوں کو سلام کر لیا کرو دعائے خیر ہے جو بابرکت اور پاکیزہ ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل شدہ، یوں ہی اللہ تعالیٰ کھول کھول کر تم سے اپنے احکام بیان فرما رہا ہے تا کہ تم سمجھ جاؤ‘۔

اس میں لفظ ’’بُيُوْتًا ‘‘ نکرہ ذکر کیا گیا ہے۔ اس میں اپنے گھر اور دوسروں کے گھر دونوں شامل ہیں، پھر خواہ ان میں کوئی ہو یا نہ ہو۔ بس سلام کرنا چاہیے اور سلام کرنے کا طریقہ بھی واضح فرما دیا۔

"السلام عليكم ورحمة الله وبركاته". یا پھر "السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين".

جیسا کہ حدیث پاک میں آتا ہے۔ سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"إذا دخل أحدكم البيت غير المسكون فليقل:"السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين".[الادب المفرد:۱۰۵۵]

”جب کوئی شخص کسی ایسے گھر میں داخل ہو جس میں کوئی نہ رہتا ہو تو وہ کہے: السلام علینا وعلی عباداللہ الصالحین“۔

لہذا یہ حکم عام ہے، گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا چاہیے، چاہے اس گھر میں کوئی ہو یا نہ ہو۔

وآخر دعوانا أن الحمد لله رب العالمين

## مفتیانِ کرام

| | | |
|---|---|---|
| فضیلۃ الشیخ ابو محمد عبد الستار حماد حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ عبد الحلیم بلال حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی حفظہ اللہ |
| فضیلۃ الدکتور عبد الرحمن یوسف مدنی حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ سعید مجتبیٰ سعیدی حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ ابو عدنان محمد منیر قمر حفظہ اللہ |
| فضیلۃ الشیخ مفتی عبد الولی حقانی حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ محمد إدریس اثری حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ عبد الحنان سامرودی حفظہ اللہ |